سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان
درجہ: عامہ سال اول | پرچہ: دوسرا | مضمون: الفقہ+العقیدۃ
تاریخ: 25-02-2023 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25
مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ____________

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر 1: دودھ پیتے بچے کا دودھ معدے تک نہیں پہنچا صرف سینے تک پہنچ کر پلٹ آیا تو دودھ --------- ہے۔

(الف) پاک (ب) ناپاک (ج) دھونا ضروری (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر 2: اگر تھوک سرخ ہو تو ------ مانا جائے گا۔

(الف) تھوک پر خون غالب (ب) خون پر تھوک غالب (ج) تھوک کو پاک (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر 3: یہ یاد ہے کہ کوئی عضو دھونے سے رہ گیا ہے مگر یہ یاد نہیں کون سا عضو تھا تو ----- دھولیجیے۔

(الف) ظنّ غالب سے (ب) الٹا ہاتھ (ج) سیدھا (دایاں) پاؤں (د) بایاں (الٹا) پاؤں

سوال نمبر 4: اگر مرد کے سر کے بال گندھے ہوئے ہوں تو انہیں ----- فرض ہے۔

(الف) کھول کر مسح کرنا (ب) کھولے بغیر مسح کرنا
(ج) انہیں کھول کر جڑ سے نوک تک پانی بہانا (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر 5: غسل کے ----- فرائض ہیں۔

(الف) کلی کرنا، ناک میں پانی چڑھانا (ب) کلی کرنا، ناک میں پانی چڑھانا، تمام ظاہری بدن پر پانی بہانا
(ج) نیت کرنا، کلی کرنا، ناک میں پانی چڑھانا، تمام ظاہری بدن پر پانی بہانا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: اگر کانوں میں بالی یا ناک میں نتھ کا چھید ہو اور وہ بند نہ ہو تو اس میں ----- ہے۔

(الف) پانی بہانا فرض (ب) پانی بہانا ضروری نہیں (ج) پانی بہانے میں اختیار (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: اگر ------- ناخنوں پر لگی ہوئی ہے تو اس کا چھُڑانا فرض ہے ورنہ غسل نہیں ہوگا۔

(الف) نیل پالش (ب) مہندی (ج) سیاہی (Ink) (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: شب براءت میں غسل کرنا ----- ہے۔

(الف) سنت (ب) مستحب (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: بال میں گرِہ پڑ جائے تو غسل میں اسے کھول کر پانی بہانا ----- ہے۔

(الف) ضروری (ب) ضروری نہیں (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: بے غسل شخص ----- قُل بلا لفظ ----- بہ نیّت ثناء پڑھ سکتا ہے۔

(الف) دونوں، اعوذ (ب) دونوں، قل (ج) تینوں، قل (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر 11: بے وضو یا وہ جس پر غسل فرض ہو ان کو فقہ، تفسیر اور حدیث کی کتابوں کا چھونا ----- ہے۔

(الف) مکروہ تحریمی (ب) مکروہ تنزیہی (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12: جن پر غسل فرض ہو ان کو۔۔۔۔پڑھنے میں حرج نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ کلّی کرکے پڑھیں۔

(الف) درود شریف (ب) دعائیں (ج) اذکار (د) الف، ب اور ج تینوں

سوال نمبر13: مشرکین فرشتوں کو اللہ تعالیٰ۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) کے بیٹے (ب) کی بیٹیاں (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: عصا کا اژدھا بن جانا حضرت۔۔۔۔کا معجزہ ہے۔

(الف) موسی علیہ السلام (ب) عیسی علیہ السلام (ج) صالح علیہ السلام (د) یونس علیہ السلام

سوال نمبر15: ڈوبے ہوئے سورج کو واپس لوٹانا حضرت۔۔۔۔کا معجزہ ہے۔

(الف) موسی علیہ السلام (ب) ابراہیم علیہ السلام (ج) اسمٰعیل علیہ السلام (د) حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ

سوال نمبر16: حضور اکرم ﷺ معراج کی رات بیت المقدس سے۔۔۔۔تشریف لے گئے۔

(الف) مکّۂ معظّمہ (ب) حرم کعبہ میں (ج) آسمانوں پر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: ۔۔۔۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

(الف) توریت (ب) زبور (ج) انجیل (د) صحائف

سوال نمبر18: تقدیر۔۔۔۔کا بدلنا ناممکن ہے۔

(الف) مبرم حقیقی (ب) معلق محض (ج) معلق شبیہ بہ مبرم (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر19: آواگون کو۔۔۔۔مانتے ہیں۔

(الف) یہودی (ب) عیسائی (ج) مجوسی (د) ہندو

سوال نمبر20: ۔۔۔۔اور۔۔۔۔میں مرنے والے مسلمان سے سوالات قبر نہیں ہوتے۔

(الف) شب براءت اور شب قدر (ب) شب قدر اور جمعرات (ج) عاشوراء اور شب قدر (د) جمعۃ المبارک اور رمضان المبارک

سوال نمبر21: بڑے دجّال کے علاوہ۔۔۔۔دجّال اور ہوں گے ان میں سے بعض دجّال گزر چکے اور بعض کا آنا باقی ہے۔

(الف) دس (ب) بیس (ج) تیس (د) چالیس

سوال نمبر22: قیامت کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ۔۔۔۔سے سونے کا خزانہ نکلے گا۔

(الف) نہر فرات (ب) بحیرۂ عرب (ج) دریائے نیل (د) بحر اوقیانوس

سوال نمبر23 دجّال چالیس دن زمین میں پھرے گا ان چالیس دن میں پہلا دن۔۔۔۔کے برابر ہوگا۔

(الف) ایک ہفتہ کے (ب) ایک مہینے (ج) ایک سال (د) عام دنوں کے برابر

سوال نمبر24: دابۃ الارض جو۔۔۔۔سے ظاہر ہو کر تمام شہروں میں نہایت جلد پھرے گا، فصاحت کے ساتھ کلام کرے گا۔

(الف) کوہ صفا (ب) کوہ مروہ (ج) کوہ ابو قبیس (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25: حضرت عیسیٰ علیہ السلام دمشق کی جامع مسجد کے۔۔۔۔منارہ پر نزول فرمائیں گے۔

(الف) شرقی (ب) غربی (ج) شمالی (د) جنوبی

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

(1) سوال نمبر 1: اَنَا کَاتِبٌ درج ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) مرکب ناقص　(ب) جملہ فعلیہ　(ج) جملہ انشائیہ　(د) جملہ خبریہ

سوال نمبر 2: جس مرکب پر بات مکمل ہو جائے اسے ۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) مرکب ناقص　(ب) مرکب غیر مفید　(ج مرکب مفید　(د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے مؤنث سماعی کی نشاندہی کریں۔

(الف) بشریٰ　(ب) حمرآء　(ج) اُمٌّ　(د) ارضٌ

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے ایسے اسم کی نشاندہی کریں جو مذکر و مؤنث دونوں میں استعمال ہوتا ہے۔

(الف) بقرۃٌ　(ب) ورقۃٌ　(ج) شمسٌ　(د) طریقٌ

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے اسم جمع کی نشاندہی کریں۔

(الف) زیدون　(ب) انہارٌ　(ج) اصدقاءُ　(د) رھطٌ

سوال نمبر 6: درج ذیل میں سے نکرہ مخصوصہ کی نشاندہی کریں۔

(الف) قلمُ ولدٍ　(ب) قلمُ زیدٍ　(ج) مَاءُ النّھرِ　(د) غلامُ زیدٍ

سوال نمبر 7: فاعل یا نائب فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل ہمیشہ ۔۔۔۔۔ آئے گا۔

(الف) فاعل کے مطابق　(ب) فعل کو واحد لانا اور فاعل کے مطابق لانا دونوں جائز ہے
(ج) واحد　(د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر 8: جس جملے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جا سکتا ہو اسے جملہ انشائیہ کہتے ہیں جملہ انشائیہ کی نشاندہی کریں۔

(الف) زید عالمٌ　(ب) ذھب خالدٌ　(ج) بِعْتُ　(د) قام ولدٌ

سوال نمبر 9: یَرْحَمُنَا اللّٰہ درج ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) امر　(ب) دعا　(ج) تمنّی　(د) ترجّی

سوال نمبر 10: جملہ انشائیہ کے علاوہ ہر جملہ ۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

(الف) مرفوع　(ب) فعلیہ　(ج) اسمیہ　(د) خبریہ

سوال نمبر 11: جار مجرور کا متعلَّق لفظوں میں موجود نہ ہو تو جار مجرور کو ۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) ظرف زمان　(ب) ظرف مکان　(ج) ظرف لغو　(د) ظرف مستقَر

سوال نمبر 12: کل ۔۔۔۔۔ قسم کے الفاظ مبنی ہوتے ہیں۔

(الف) دو　(ب) چار　(ج) پانچ　(د) چھ

سوال نمبر13: مضارع،امر اور نہی کے تین، تین صیغوں (واحد مذکر حاضر،واحد متکلم اور جمع متکلم) میں ضمیر۔۔۔۔۔پوشیدہ ہوتی ہے۔

(الف) منصوب منفصل (ب) جوازاً (ج) وجوباً (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: ضمیر منصوب منفصل کی نشاندہی کریں۔

(الف) نصرہٗ (ب) انّہٗ (ج) ایاہٗ (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر15: لاغیرُ اور لیس غیرُ۔۔۔۔۔۔ہوتے ہیں۔

(الف) معرب (ب) مبنی (ج) مبنی علی الفتح (د) مبنی علی الضم

سوال نمبر16: مفرد منصرف صحیح کی حالت جری کس سے آتی ہے؟

(الف) ضمّہ سے (ب) فتحہ سے (ج) کسرہ سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: اسم منقوص کی حالت نصبی کس سے آتی ہے؟

(الف) الف سے (ب) فتحہ تقدیری سے (ج) فتحہ لفظی سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: حروف مشبہ بالفعل جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو۔۔۔۔۔اور خبر کو۔۔۔۔۔دیتے ہیں۔

(الف) نصب اور خبر کو رفع (ب) مبتدا اور خبر دونوں کو نصب (ج) مبتدا اور خبر دونوں کو رفع (د) رفع اور خبر کو نصب

سوال نمبر19: درست مثال کی نشاندہی فرمائیں۔

(الف) انَّ الولدَ الصغیرَ نائمۃٌ (ب) انَّ الولدَ الصغیرَ نائمٌ (ج) انَّ الولدُ الصغیرُ نائمٌ (د) انَّ الولدَۃَ الصغیرَ نائمٌ

سوال نمبر20: وہ مضارع جس کے آخر میں حرف علّت اور نون اعرابی نہ ہو اس کو۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) صحیح (ب) ناقص واوی (ج) ناقص یائی (د) ناقص الفی

سوال نمبر21: فعل مضارع۔۔۔۔۔کے صیغے چونکہ مبنی ہوتے ہیں اسلیے لفظی طور پر ان میں کسی ناصب یا جازم کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

(الف) جمع مذکر (ب) جمع مؤنث (ج) تثنیہ مذکر (د) تثنیہ مؤنث

سوال نمبر22: مااسمها؟ کے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

(الف) اسمها ریّان (ب) اسمہ زینب (ج) اسمی ریّان (د) اسمها زینب

سوال نمبر23: هَلْ انتَ بخیرٍ؟ کے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

(الف) سعدت بلقائک (ب) لیس بخیرٍ (ج) لسنا بخیرٍ (د) لستُ بخیرٍ

سوال نمبر24: مَنْ اَنْتِ؟ کے درست معنی کی نشاندہی کریں۔

(الف) انتَ سلمیٰ (ب) انتِ سلمیٰ (ج) انا سلمیٰ (د) نحن سلمیٰ

سوال نمبر25: هَلْ انتَ صِینِیٌّ ؟ کے درست معنی کی نشاندہی کریں۔

(الف) لا، هو مصریٌّ (ب) لا، انت مصریٌّ (ج) لا، انا مصریٌّ (د) لا، نحن مصریٌّ

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ
کنز المدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

درجہ: عامہ سال اول　　پرچہ: تیسرا　　مضمون: الصرف

تاریخ: 27-02-2023　　دن: پیر　　کل وقت: 30 منٹ　　کل نمبر: 25

مرکز امتحان: __________　　دستخط نگران مرکز امتحان: __________　　دستخط مقتش: __________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: علم صرف کا موضوع کلمہ ہے۔۔۔۔۔کے اعتبار سے۔

(الف) اسم　　(ب) فعل　　(ج) حرف　　(د) صیغے

سوال نمبر 2: بَقَرَۃٌ۔۔۔۔کی مثال ہے۔

(الف) اسم　　(ب) فعل　　(ج) حرف　　(د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر 3: یَضْرِبُ۔۔۔۔کی مثال ہے۔

(الف) فعل ماضی　　(ب) فعل مضارع　　(ج) فعل امر　　(د) فعل نہی

سوال نمبر 4: اِذْھَبْ۔۔۔۔۔کی مثال ہے۔

(الف) فعل ماضی　　(ب) فعل مضارع　　(ج) فعل نہی　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: درج ذیل میں ۔۔۔۔ فعل مجہول کی مثال ہے۔

(الف) نَصَرَ زیدٌ　　(ب) خَتَمَ اللہُ　　(ج) فُتِحَ الْبَابُ　　(د) ذَھَبَ عمروٌ

سوال نمبر 6: ۔۔۔۔۔ ضمیر مرفوع منفصل کی مثال ہے۔

(الف) ضَرَبْنَا　　(ب) اِنَّہٗ　　(ج) ھو　　(د) اِیَّاہُ

سوال نمبر 7: فعل ماضی معروف بکسر العین کی پہچان کریں۔

(الف) ضَرَبْنَا　　(ب) سَمِعْنَ　　(ج) کَرُمَتَا　　(د) فَتَحَتْ

سوال نمبر 8: فعل ماضی مجہول۔۔۔۔۔سے بنتا ہے۔

(الف) فعل ماضی معروف　　(ب) فعل مضارع معروف　　(ج) مصدر　　(د) اسم

سوال نمبر 9: تاء مضارع کے آٹھ صیغوں کے شروع میں آتی ہے جن میں سے ۔۔۔۔۔کے اور۔۔۔۔۔کے ہیں۔

(الف) چھ صیغے حاضر کے اور دو صیغے جمع مذکر کے　　(ب) چار صیغے غائب کے اور چار صیغے حاضر کے

(ج) چھ صیغے حاضر کے اور دو صیغے واحد و تثنیہ مؤنث غائب کے　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: مضارع کے دو صیغوں۔۔۔۔۔کے آخر میں نون ضمیری ہوتا ہے۔

(الف) واحد مؤنث حاضر، جمع مؤنث حاضر　　(ب) واحد مذکر حاضر، جمع مذکر حاضر

(ج) جمع مؤنث حاضر، جمع مذکر حاضر　　(د) جمع مؤنث حاضر، جمع مؤنث غائب

سوال نمبر 11: یَنْصُرْنَ کے درست صیغے کی نشاندہی کریں۔

(الف) صیغہ جمع مذکر غائب　　(ب) صیغہ جمع مؤنث غائب　　(ج) صیغہ جمع مذکر مخاطب　　(د) صیغہ جمع مؤنث مخاطبہ

سوال نمبر12: حروف مضارع کو ضمّہ اور عین کلمہ کو فتح دیتے ہیں اور آخری حرف اپنی حالت پر برقرار رہتا ہے اس عمل سے کونسا فعل بنتا ہے؟نشاندہی کریں۔

(الف) فعل ماضی معروف (ب) فعل ماضی مجہول (ج) فعل مضارع معروف (د) فعل مضارع مجہول

سوال نمبر13: اُنْصُرْنَ کے نون کی درست نشاندہی کریں۔

(الف) نون اعرابی (ب) نون ضمیری (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: مَافُعِلَتْ کے درست ترجمے کی نشاندہی کریں۔

(الف) نہیں کیا گیا تو ایک مرد (ب) نہیں کیا گیا وہ ایک مرد (ج) نہیں کیا اس ایک عورت نے (د) نہیں کی گئی وہ ایک عورت

سوال نمبر15: قَدْمَافَعَلْتُمْ کے درست ترجمے کی نشاندہی کریں۔

(الف) نہیں کیا تھا تم سب مردوں نے (ب) شاید کیا تھا تم سب مردوں نے

(ج) ابھی نہیں کیا تم سب مردوں نے (د) کاش کیا ہو تم سب مردوں نے

سوال نمبر16: کُنَّ یَفْعَلْنَ کا تعلق کس گردان سے ہے؟ درست نام کی نشاندہی کریں۔

(الف) فعل ماضی احتمالی مثبت معروف (ب) فعل ماضی بعید مثبت معروف

(ج) فعل ماضی تمنّائی مثبت معروف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: لَعَلَّکُنَّ فَعَلْتُنَّ کونسا صیغہ ہے؟ نشاندہی کریں۔

(الف) جمع مذکر غائب (ب) جمع مؤنث غائب (ج) جمع مؤنث حاضر (د) جمع مذکر حاضر

سوال نمبر18: نُصَّارٌ کونسا صیغہ ہے؟ نشاندہی کریں۔

(الف) اسم فاعل (ب) اسم مفعول (ج) صفت مشبّہ (د) اسم تفضیل

سوال نمبر19: لَنْ یَسْمَعْنَ کا تعلق کس گردان سے ہے؟ درست نام کی نشاندہی کریں۔

(الف) فعل نفی جحد بلم معروف (ب) فعل نفی جحد بلم مجہول (ج) فعل نفی تاکید بلن معروف (د) فعل نفی تاکید بلن مجہول

سوال نمبر20: لِیَحْسِبْ درج ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) فعل ماضی (ب) فعل مضارع (ج) فعل امر (د) فعل نہی

سوال نمبر21: مَفْتُوْحُوْنَ کونسا صیغہ ہے؟ درست نام کی نشاندہی کریں۔

(الف) واحد مذکر غائب (ب) واحد مؤنث غائب (ج) جمع مذکر غائب (د) جمع مذکر

سوال نمبر22: لِتَحْسِبْ کونسا صیغہ ہے؟ نشاندہی کریں۔

(الف) واحد مذکر غائب (ب) واحد مؤنث غائب (ج) واحد مذکر حاضر (د) واحد مؤنث حاضر

سوال نمبر23: اُکْرِمُوْا کونسا صیغہ ہے؟ نشاندہی کریں۔

(الف) جمع مذکر غائب (ب) جمع مؤنث غائب (ج) واحد مذکر حاضر (د) جمع مذکر حاضر

سوال نمبر24: مَااَفْتَحَہٗ کونسا صیغہ ہے؟ درست نام کی نشاندہی کریں۔

(الف) اسم آلہ (ب) اسم ظرف (ج) فعل تعجّب (د) اسم تفضیل

سوال نمبر25: یُکْرَمُ بِھِم کونسا صیغہ ہے؟ نشاندہی کریں۔

(الف) واحد مذکر غائب (ب) واحد مؤنث غائب (ج) جمع مذکر غائب (د) جمع مؤنث غائب

KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **السیرۃ النبویۃ**

تاریخ: **01-03-2023** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: __________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: آپ ﷺ عرب کے مشہور خاندان "قریش" کی شاخ۔۔۔۔۔ سے تعلق رکھتے ہیں۔

(الف) بنو امیہ (ب) بنو نوفل (ج) بنو ہاشم (د) بنو تمیم

سوال نمبر 2: حضور ﷺ کی ولادت باسعادت مشہور قول کے مطابق اصحاب فیل کے۔۔۔۔۔ دن کے بعد ربیع الاول کی بارہویں تاریخ کو ہوئی۔

(الف) 20 (ب) 25 (ج) 50 (د) 55

سوال نمبر 3: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کا تعلق قبیلہ۔۔۔۔۔۔ سے تھا۔

(الف) بنو عبدالدار (ب) بنو عبد مناف (ج) بنو سہم (د) بنو سعد

سوال نمبر 4: حضور ﷺ کی برکت سے حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کی لاغر۔۔۔۔۔ جو دودھ سے خالی تھی اس میں بھی خوب دودھ آگیا۔

(الف) گائے (ب) بھینس (ج) اونٹنی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: حضور ﷺ۔۔۔۔۔ ماہ کی عمر مبارک میں چلنے پھرنے کی پوری قوت حاصل کر چکے تھے۔

(الف) 5 (ب) 6 (ج) 7 (د) 8

سوال نمبر 6: حضور ﷺ۔۔۔۔۔ ماہ کی عمر مبارک میں یوں کلام فرماتے کہ بات اچھی طرح سمجھ میں آجاتی۔

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 10 (د) 10

سوال نمبر 7: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ کا ہاتھ مبارک سات بکریوں پر پھیرا تو اسکی برکت سے بکریوں نے اتنا دودھ دیا کہ۔۔۔۔۔ دن کے لیے کافی ہو گیا۔

(الف) 10 (ب) 20 (ج) 30 (د) 40

سوال نمبر 8: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کا ہاتھ مبارک پھیرنے کی برکت سے میری بکریاں سات سے۔۔۔۔۔ ہو گئیں۔

(الف) 100 (ب) 300 (ج) 500 (د) 700

سوال نمبر 9: حضور ﷺ کا پہلا شق صدر قبیلہ۔۔۔۔۔ میں ہوا۔

(الف) اوس (ب) خزرج (ج) ہمدان (د) بنو سعد

سوال نمبر 10: حضور ﷺ کی عمر مبارک جب۔۔۔۔۔ سال کی ہوئی تو آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ رضی اللہ عنہا کا بھی انتقال ہو گیا۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر 11: حضور ﷺ کے والدین کریمین رضی اللہ عنہما کے وصال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش۔۔۔۔۔۔۔ کے یہاں ہوئی۔

(الف) چاچا (ب) دادا (ج) خالو (د) خالہ

سوال نمبر12: جب حضور ﷺ کی عمر مبارک 10 سال کی ہوئی تو آپ ﷺ اپنے چچا زبیر کے ہمراہ۔۔۔۔کی طرف سفر کے لیے نکلے۔

(الف) مصر (ب) شام (ج) بغداد (د) یمن

سوال نمبر13: جب حضور ﷺ کی عمر مبارک 12 سال کی ہوئی تو آپ ﷺ نے اپنے چچا ابو طالب کے ہمراہ۔۔۔۔کی طرف پہلا تجارتی سفر کیا۔

(الف) مصر (ب) شام (ج) بغداد (د) یمن

سوال نمبر14: جب قافلہ شہر بصریٰ پہنچا تو وہاں کے ایک راہب جس کا اصل نام۔۔۔۔ تھا اس سے ملاقات ہوئی تو اس نے آپ ﷺ کو علامات نبوت سے پہچان لیا۔

(الف) بحیرا (ب) برحیس (ج) بریس (د) برجیس

سوال نمبر15: اُن چند آدمیوں کا معاہدہ جن کے نام "فضل" تھے اُن کے معاہدے کا نام کیا ہے؟

(الف) حلف الکمال (ب) حلف الفضل (ج) حلف الافضل (د) حلف الفضول

سوال نمبر16: جب آپ ﷺ کی عمر مبارک۔۔۔۔سال کی ہوئی تو مکہ کی فضاؤں میں آپ کے لقب "صادق و امین" گونجنے لگے۔

(الف) 15 (ب) 18 (ج) 20 (د) 25

سوال نمبر17: حضرت خدیجہ نے حضور ﷺ کو پیغام بھیجا کہ آپ میرا مالِ تجارت ملک شام لے جائیں جو اجرت دوسروں کو دیتی ہوں آپ ﷺ کو اسکا۔۔۔۔دوں گی۔

(الف) دوگُنا (ب) تین گُنا (ج) چار گُنا (د) دس گُنا

سوال نمبر18: ملک شام کی تجارت میں حضور ﷺ کے ساتھ حضرت خدیجہ کا غلام۔۔۔۔ بھی ساتھ تھا۔

(الف) برّہ (ب) بریرہ (ج) مرّہ (د) میسرہ

سوال نمبر19: جب حضور ﷺ حضرت خدیجہ کا مال تجارت لیکر ملک شام کے مشہور شہر بصریٰ پہنچے تو وہاں۔۔۔۔ راہب کی عبادت گاہ کے قریب قیام فرمایا۔

(الف) نسر (ب) نسطور (ج) انسطور (د) نسطورا

سوال نمبر20: ملک شام کے راہب نے حضور ﷺ کے چہرۂ مبارک کی کس چیز کی علامت معلوم کرکے کہا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ﷺ ہیں؟

(الف) پیشانی مبارک (ب) لب مبارک (ج) رخسار مبارک (د) آنکھوں کی سرخی

سوال نمبر21: جب حضور ﷺ واپس مکہ تشریف لے آئے تو حضرت خدیجہ نے یہ منظر دیکھا کہ۔۔۔۔ حضور ﷺ پر دھوپ سے سایہ کیے ہوئے ہیں۔

(الف) دو فرشتے (ب) چند فرشتے (ج) بہت سارے فرشتے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کا تعلق قبیلۂ قریش کی شاخ۔۔۔۔بن عبد العزیٰ سے تھا۔

(الف) بنو امیہ (ب) بنو نوفل (ج) بنو اسد (د) بنو تمیم

سوال نمبر23: حضرت خدیجہ کا نسب۔۔۔۔واسطوں سے حضور ﷺ سے ملتا ہے۔

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: حضرت خدیجہ نے حضور ﷺ کے نکاح میں آنے سے پہلے۔۔۔۔ کتنی شادیاں کی تھیں؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25: جب حضور ﷺ کی شادی مبارک حضرت خدیجہ سے ہوئی تو آپ ﷺ کے چچا۔۔۔۔نے نکاح کا خطبہ پڑھا۔

(الف) حضرت حمزہ (ب) حضرت عباس (ج) ابو طالب (د) زبیر

KANZUL MADARIS BOARD

**سالانہ امتحان2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ : **عامہ سال اول** پرچہ : **پہلا** مضمون : **التجوید+دراسۃالقرآن**

تاریخ:**23-02-2023** دن: **جمعرات** کل وقت : **30منٹ** کل نمبر:**25**

مرکز امتحان:__________ دستخط نگران مرکز امتحان:__________ دستخط مقتش:__________

رول نمبر:__________

دستخط طالب علم:__________


# حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات(MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر1: "اَلتَّحۡسِیۡنُ وَالۡاِتۡیَانُ بِالۡجَیِّدِ" سنوارنا، خوبصورت کرنا اور کسی کام کو عمدگی سے کرنا۔ یہ-----کی تعریف ہے۔

(الف) علم تفسیر (ب) علم حدیث (ج) علم فقہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر2: علم-----اس علم کا نام ہے جس میں حروف کے مخارج اور ان کی صفات اور حروف کی تصحیح اور تحسین کے بارے میں بحث کی جاتی ہے۔

(الف) تفسیر (ب) حدیث (ج) فقہ (د) تجوید

سوال نمبر3: یہ فرمان کس کا ہے کہ وہ مسلمان بڑا بدنصیب ہے جو قرآن پڑھنا نہیں سیکھتا۔

(الف) امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ (ب) امیر اہلسنت مولانا الیاس عطار قادری مدظلہ العالی

(ج) امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر4: یہ فرمان کس کا ہے کہ یہ (قرآن) میرے رب عزوجل کا عہد اور اس کی کتاب ہے۔

(الف) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (د) حضرت علی مشکل کشا رضی اللہ عنہ

سوال نمبر5: لحن کا معنیٰ--------ہے۔

(الف) قرآن کو آہستہ آواز سے پڑھنا (ب) قرآن کو نرمی سے پڑھنا

(ج) قرآن کو قواعد تجوید کے خلاف پڑھنا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر6: وہ حروف جن کی آواز ایک دوسرے سے ملتی ہو۔ انہیں حروف-----کہتے ہیں۔

(الف) متشابہ (ب) قریب الصوت (ج) نطعیہ (د) لثویہ

سوال نمبر7: منہ کے وہ حصے جہاں سے حروف ادا ہوتے ہیں انہیں-----کہتے ہیں۔

(الف) حلق (ب) لسان (ج) ضواحک (د) مخارج

سوال نمبر8: وہ حروف جو کوّے سے متصل زبان کی جڑ اور تالو سے ادا ہوتے ہیں ان حروف کی پہچان کریں۔

(الف) ب، ج (ب) ء، ح، ہ، ع، غ، خ (ج) ق، ک (د) ج، ش، ی

سوال نمبر9: وہ حروف جو ہونٹوں کی خشکی سے ادا ہوتے ہیں ان حروف کی پہچان کریں۔

(الف) ص، ز، س (ب) م (ج) ب (د) ر

سوال نمبر10: حرف کے باریک پڑھنے کو-----کہتے ہیں۔

(الف) ترقیق (ب) تفخیم (ج) خیشوم (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر11: برّ صغیر پاک و ہند میں قراءت امام عاصم بروایت حفص سے بطریق-----پڑھی اور پڑھائی جاتی ہے۔

(الف) امام شاطبی (ب) امام جزری (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12: مخارج کی تعداد۔۔۔۔۔ہے۔

(الف)12 (ب)15 (ج)17 (د)19

سوال نمبر13: بنیادی طور پر مخارج کی دو قسمیں ہیں۔

(الف) مخارج محققہ، مخارج غیر محققہ (ب) مخارج مقدرہ، مخارج غیر مقدرہ

(ج) مخارج محققہ، مخارج مقدرہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے یعنی کسی کا محتاج نہیں ہے یہ درج ذیل میں سے کس لفظ کا معنیٰ ہے؟

(الف)احد (ب)صمد (ج)حیّ (د)قیوم

سوال نمبر15: آسمان کے بہت سے دروازے ہیں جو قیامت کے دن کھول دیئے جائیں گے ان سے۔۔۔۔۔اتریں گے۔

(الف) حضرت جبرائیل (ب) حضرت اسرافیل (ج) حضرت میکائیل (د) فرشتے

سوال نمبر16: قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے کس نبی علیہ السلام کا ذکر ذوالنون اور صاحب حوت سے فرمایا؟

(الف) حضرت آدم علیہ السلام (ب) حضرت شیث علیہ السلام (ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: حضرت۔۔۔۔۔کی قوم وہ واحد قوم ہے جس پر عذاب کے آثار ظاہر ہونے کے بعد بھی عذاب ٹل گیا۔

(الف) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت ھود علیہ السلام (ج) حضرت صالح علیہ السلام (د) حضرت یونس علیہ السلام

سوال نمبر18: اللہ تعالیٰ نے حضرت یونس علیہ السلام پر سایہ کرنے کے لیے۔۔۔۔۔کا درخت پیدا فرمایا عام طور پر۔۔۔۔۔کی بیل ہوتی ہے۔
لیکن حضرت یونس علیہ السلام کے معجزے کی برکت سے۔۔۔۔۔کا درخت پیدا ہوا۔

(الف) کدّو (ب) کریلے (ج) ٹماٹر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: اسرائیل کا معنی۔۔۔۔۔ہے۔

(الف) بندہ (ب) اللہ کا بندہ (ج) اللہ کا خاص بندہ (د) اللہ کا مقرّب بندہ

سوال نمبر20: حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص۔۔۔۔۔کے دن سورۂ کہف پڑھے گا تو آئندہ۔۔۔۔۔تک اسکے لیے نور کی روشنی ہو گی۔

(الف) پیر (ب) بدھ (ج) جمعرات (د) جمعہ

سوال نمبر21: سورۂ کہف کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔کے بارے میں کیے گئے سوالات کے جوابات دیئے گئے ہیں۔

(الف) حضرت موسی علیہ السلام اور حضرت ذوالکفل علیہ الرحمۃ (ب) حضرت موسی علیہ السلام اور روح

(ج حضرت موسی علیہ السلام اور اصحاب کہف (د) اصحاب کہف اور حضرت ذوالقرنین علیہ الرحمۃ

سوال نمبر22: ۔۔۔۔۔نے یتیم بچوں کی دیوار کو درست کیا۔

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت یوشع بن نون (ج) حضرت ہارون علیہ السلام (د) حضرت خضر علیہ السلام

سوال نمبر23: جہنمیوں کو پیاس کی شدت میں۔۔۔۔۔کا پانی پلایا جائے گا جو ان کے منہ کو جلا دے گا۔

(الف)پیپ (ب)خون (ج) پگھلے ہوئے تانبے کی طرح (د) پگھلے ہوئے لوہے کی طرح

سوال نمبر24: ایمان والوں کو جنت میں سبز رنگ کے۔۔۔۔۔پہنائے جائیں گے۔

(الف) لباس (ب) اونی لباس (ج) ریشمی لباس (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر25: علم حاصل کرنے کے لیے سفر کرنا۔۔۔۔۔کی سنّت ہے۔

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت خضر علیہ السلام (ج) حضرت یحیٰ علیہ السلام (د) ان میں سے کوئی نہیں